19/03/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ بصارت گُل سے خبریں سُنئے

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ 2015 میں لانچ کئے گئے ڈیجیٹل انڈیا نے کووِڈ کے دوران بلاتعطل حکمرانی اور آدھار سے چلنے والے براہ راست نقدی کی منتقلی نیز آیوشمان بھارت نے خدمات کی احسن فراہمی کو یقینی بنایا ہے۔

ڈیجی ٹیک کنکلیو 2025سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نریندر مودیحکومت اب ایک عالمی بنچ مارک ہے جو شفافیت ، کارکردگی اور شمولیت پر مبنی ہے۔

NASA

ڈریگن سپیس کرافٹ میں واپس Crew آج صبح سویرے ایک اسپیس ایکس Butch Wilmore خلاءباز سنیتا ولیمز اور NASA زمین پر پہنچ گئے ہیں۔ اس طرح ان خلاءبازوں کی نو ماہ طویل درماندگی ختم ہو گئی ۔

گزشتہ سال جون سے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر ان کے بوئنگ اسٹار لائنر سپیس Butch Wilmore سنیتا ولیمز اور کرافٹ میں تکنیکی خرابی کی وجہ سے درماندہ تھے ۔ انہوں نے خلاءمیں 286 دن گزارے جبکہ وہ صرف 8 دن کے مشن پر گئے تھے ۔

IED

بم ناکارہ بنانے والے سکاڈ نے حفاظتی عملے کی مدد سے آج صبح سرینگر- بانڈی پورہ روڑ پر صدر کوٹ پائین کے نزدیک نصب کی گئی ایک بارودی سرنگ کو ناکارہ بنا یا ۔

ہمارے بانڈی پورہ نمائندے نے پولیس ذرائع کے حوالے سے بتایا ہے کہ احتیاطی طور روکا گیا ٹریفک بعد میں بحال کیا گیا ۔

آخری رسوم

فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی ایک اور مثال قائم کرتے ہوئے مسلم برادری نے ضلع بارہمولہ کے علاقے واگورا میں ایک غیر مہاجر پنڈت کے آخری رسوم ادا کئے ۔

ہمارے بارہمولہ کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ یہ واحد پنڈت کنبہ ہے جس نے ہجرت نہیں کی تھی اور 90 کی دہائی کے اوائل سے مسلم کمیونٹی کے ساتھ رہ رہا ہے۔

جانکاری کیمپ

Backward کلاسز ڈیولپمنٹ کارپوریشن لمیٹڈ سرینگر نے نیشنل Backward جے کے شیڈولڈ کاسٹس ، شیڈولڈ ٹرائب اینڈ کلاسز فائنانس اینڈ ڈیولپمنٹ کارپوریشن نئی دلی کے تعاون سے چھتہ بل سرینگر میں ایک جانکاری کیمپ کا اہتمام کیا ۔ اس موقع پر ڈپٹی جنرل منیجر کشمیر محمود الحق گنڈرو نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ سامنے آ کر کارپوریشن کے فوائد حاصل کریں ۔

سمینار

جڑی بوٹیوں کے تحفظ اور کاشت کے ذریعہ جموں کشمیر میں میڈیسنل پلانٹس کے شعبے کو فروغ دینے کے لئے مرکزی وزارت آیوش کے Regional Cum Facilitation Centre نے یونانی میڈیکل کالج گاندربل میں ایک روزہ سمینار منعقد کیا ۔

اس موقعہ پر ماہرین نے کہا کہ ہر گزرتے سال کے ساتھ میڈیسنل پلانٹس کی مانگ بڑھ رہی ہے اور دنیا بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لئے ہمالیائی خطے کی طرف منتظر ہے۔

اننت ناگ

کرشی ویگیان کیندر اننت ناگ سکاسٹ کشمیر نے روزگار ، آمدنی کی پیداوار اور متنوع کاشتکاری کے طریقوں کو فروغ دینے کے لئے TDC-NICRA پروجیکٹ کے تحت ایک انٹرایکٹو سیشن منعقد کیا۔

اس موقعہ پر کے وی کے- اننت ناگ میں تیار کئے گئے ہیں اعلیٰ معیار کے پودے ترقی پسند کسانوں اور ابھرتے ہوئے زرعی کاروباری افراد میں تقسیم کیا گیا۔

ورکشاپ

اور پلانٹس کی Ornithology محکمہ جنگلات کی پلاننگ اینڈ پبلسٹی ڈویژن نے شیخ باغ فاریسٹ کمپلیکس سرینگر میں درجہ بندی کی مہارت سے متعلق ایک روزہ ورکشاپ منعقد کیا ۔

ورکشاپ میں پرندوں کی شناخت ، رہائش گاہ کی تشخیص اور پودوں کی درجہ بندی سمیت مختلف عنوانات کا احاطہ کیا گیا۔

پولیس

سوک ایکشن پروگرام 2024-25 کے تحت رینج پولیس ہیڈ کوارٹر سرینگر نے پولیس پبلک اسکول بمنہ سرینگر میں خصوصی طور پر قابل بچوں میں وہیل چیئرس اور سماعت کے آلات کو تقسیم کیا۔

پولیس کی طرف سے اس طرح کے پروگرام کے انعقاد کا بنیادی مقصد معاشرے کے ضرورت مند لوگوں کی مدد کرنا اور پولیس اور عوام کے مابین مضبوط رشتہ قائم کرنا ہے۔

فوجداری قوانین

گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری اسکول کیموہ کولگام میں نئے فوجداری قوانین کے بارے میں جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا۔ پروگرام کے دوران مقررین نے پولیس اور لوگوں کے حقوق پر نئے فوجداری قوانین کے پڑنے والے مثبت اثرات پر تفصیلی روشنی ڈالی ۔

جرمانہ

ایکٹ کی مختلف شقوں کی خلاف ورزی کرنے پر سرینگر میں Standards سرینگر کی ایک عدالت نے فوڈ سیفٹی اینڈ تاجروں اور فوڈ بزنس آپریٹرز پر 1 لاکھ 52 ہزار روپے سے زیادہ جرمانہ عائد کیا ہے۔

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سرینگر نے فوڈ بزنس آپریٹرز کو متنبہ کیا کہ خلاف ورزیوں کے نتیجے میں ان کے کاروبار بند بھی ہو سکتے ہیں ۔

بارہمولہ

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیرپا نے ضلع میں روڈ سیفٹی اقدامات اور ٹریفک کے ضوابط کے نفاذ کا جائزہ لینے کے لئے ڈسٹرکٹ روڈ سیفٹی کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی۔ جس دوران انہوں نے متعلقین کو سڑکوں کی حفاظت اور بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کے لئے کئی ہدایات دی۔

کھو کھو ٹورنامنٹ

گاندربل پولیس نے کچپورہ کنگن کے کھیل میدان میں ”کھو کھو ٹورنامنٹ“ کا اہتمام کیا۔ اس پروگرام میں کنگن کے دور دراز علاقوں سے مختلف اسکولوں سے تعلق رکھنے والی طالبات نے شرکت کی ۔ مقامی لوگوں نے جے اینڈ کے پولیس کے اس اقدام کی تعریف کی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ